بسم اللہ الرحمن الرحیم

# وضو میں بازو کس طرح دھوئے جائیں؟

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

اگر کوئی شخص وضو میں کہنیوں سمیت ہاتھ دھوتے ہوئے یوں کرے کہ کہنی سے پانی بہائے اور آخر میں انگلیاں دھوئے، تو کیا اس میں کوئی گناہ ہے؟

## جواب

وضو میں ہاتھ دھوتے ہوئے انگلیوں سے شروع کرنا مستحب ہے، اگر کسی نے انگلیوں سے شروع کرنے کے بجائے کہنی کی طرف سے پانی بہانا شروع کیا، تو اس سے بھی وضو ہو جائے گا اور وہ گناہگار بھی نہیں ہوگا البتہ ایک مستحب عمل کا ترک ضرور ہے۔

بہار شریعت میں وضو کے مستحبات کے بیان میں ہے: "ہاتھ پاؤں دھونے میں انگلیوں سے شروع کرنا۔" (بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 298، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا رضا محمد مدنی

فتویٰ نمبر: Web-2572

تاریخ اجرا: 06 جمادی الاولیٰ 1447ھ / 29 اکتوبر 2025ء